قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

اکتوبر تا دسمبر 2021، ربیع الاول تا جمادی الاول 1443ھ | شمارہ 18

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

**اخلاص**　**امانت وصداقت**　**صبر واستقامت**　**خیرخواہی**　**لگن**　**نظم وضبط**　**عزت واحترام**




اللہ تعالیٰ نے ہماری موت وحیات کا سلسلہ ایک امتحان کے لیے بنایا ہے۔ہم سب اس دنیا میں آزمائے جارہے ہیں اور کوئی انسان بھی اس سے خالی نہیں ہے۔یہی وجہ ہے ہم زندگی میں مختلف تجربات سے گزرتے ہیں، کبھی ہماری زندگی میں خوشی کے دن ہوتے ہیں اور کبھی ہم پرغم کی گھٹائیں چھا جاتی ہیں۔رنج وغم زندگی کا حصہ ہیں اور اس کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں۔جو کچھ ہمیں زندگی میں پیش آتا ہے وہ سو فیصد ہماری مرضی کا نہیں ہوسکتا، کچھ ناگوار چیزیں ہمیں قبول کرنا پڑتی ہیں۔ان کو اللہ کی رضا سمجھ کر قبول کرنا چاہیے۔

الحمدللہ ہر گزرتے دن کے ساتھ ہمارے پاس پہلے سے زیادہ آسائشیں اور نعمتیں ہوتی ہیں لیکن اس کے باوجود دیکھنے میں آیا ہے کہ زبان پر شکوے وشکایات زیادہ ہوتے ہیں۔اس کی ایک وجہ دین کے بارے میں جہالت ہے۔ جہالت سے مراد صرف علم کا نہ ہونا نہیں ہے بلکہ بعض اوقات علم کے باوجود عمل کے وقت ہم لاعلمی کا ثبوت دیتے ہیں۔


ہم اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتے جب تک ہم تمام واقعات کو قرآن وسنت کی روشنی میں نہ دیکھیں۔ جب یہ بات طے شدہ ہے کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کی مرضی کے تابع ہے اور ہماری مرضی کے مطابق نہیں ہوسکتی تو پھر کیوں نہ ہم اللہ کی رضا میں راضی رہیں۔ ہماری زندگی کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی بتا دیا ہے کہ ہمیں بہت سے ناگوار حالات اور واقعات سے گزرنا ہوگا۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"اور ہم تمہیں خوف اور بھوک اور مالوں اور جانوں اور پھلوں کی کمی میں سے (کسی نہ کسی) چیز کے ساتھ ضرور ہی آزمائیں گے اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دیں۔" [البقرہ:155]

جب کوئی تکلیف آتی ہے تو ہم کہتے ہیں کہ ایسا کیوں ہوا اور ہم شکوے شکایات کرنے لگتے ہیں ۔ہمیں اپنے مزاج کو بدلنے کی ضرورت ہے۔شکوے کی جگہ ہمیں شکر ادا کرنا سیکھنا ہے۔

اس کے برعکس ہم پر اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں اور کرم نوازیاں ہیں جن کو ہم گن بھی نہیں سکتے۔اس لیے اسی مہربان رب کی طرف سے کوئی تکلیف آجائے تو شکوہ کرنا ہمیں زیب نہیں دیتا۔غموں کا علاج اللہ کی رضا پر راضی رہنے اور اس کے فیصلوں کو بہتر جان کر قبول کر لینے میں ہے۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی




## قرآن ہر دل میں ہر ہاتھ میں

یکساں قومی نصاب کے تحت

قرآن مجید کی تعلیم میں الھدیٰ کا کردار

تفصیلات اندرونی صفحات پر ملاحظہ کیجیے...

**معزز قارئین،**

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جنوری 2022 کا شمارہ بہت سی خوش کن خبروں اور گزشتہ چند ماہ کی کاوشوں کے مختصر سے جائزے کے ساتھ پیش نظر ہے۔سب سے اہم خبر تو یہ ہے کہ حکومت پاکستان نے سکولوں کے نصاب میں ناظرہ اور ترجمہ قرآن بطور لازمی شامل کر دیا ہے۔یہ ہم سب کی دلی تمنا بھی ہے اور الھدیٰ کا مشن بھی کہ قرآن ہر دل اور ہر ہاتھ تک پہنچے۔الحمدللہ الھدیٰ اس کار خیر میں بھرپور حصہ لے رہا ہے۔ترجمہ والے پارے ایک نئے انداز سے شائع کر رہا ہے جو سائز میں چھوٹے اور پڑھنے میں آسان ہیں۔یہ پارے حسب ضرورت مفت یا برائے نام ہدیہ پر تقسیم کیے جائیں گے۔


اس مرتبہ طعام المسکین پروجیکٹ کی خاص بات یہ ہے کہ کھانا کھلانے کے ساتھ ساتھ لوگوں کے لئے قرآنی تعلیمات اور علم وآگہی کا سلسلہ بھی جاری ہے۔جس سے نہ صرف بڑے شہروں بلکہ پسماندہ علاقوں میں بھی ہزاروں لوگ مستفیض ہورہے ہیں۔

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی اور محترم استاذ ڈاکٹر محمد ادریس زبیر کے درس وتدریس کا سلسلہ بدستور جاری ہے، ایک کاروان علم ہے جو رواں دواں ہے۔دسمبر میں بہت سے کورسز کی تکمیل ہوئی جن میں طالبات نے بہت سے ایمان افروز تجربات بتائے کہ الھدیٰ نے ان کی زندگی کو کیسے روشن کر دیا۔مزید برآں نئے کورسز شروع ہو گئے ہیں جن میں الحمدللہ طالبات کی تعداد پہلے سے زیادہ ہے۔جن علاقوں میں تعلیم کی بہت کمی ہے وہاں بنیادی تعلیم کے لیے مراکز، اساتذہ اور کتابوں کی سہولیات پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔اس سب کے لیے ہم اللہ سبحانہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں اور آپ کے تعاون کے بھی شکر گزار ہیں۔آپ کی قیمتی آرا ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔

برائے رابطہ: newsletter@alhudapk.com

طاہرہ خان

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ



# تکمیلِ قرآن تقریبات

## الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد



گزشتہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اس مرتبہ بھی الہدیٰ میں ہونے والے مختلف کورسز کی تکمیل کے موقع پر 24 دسمبر 2021 کو ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کے موضوع "نور علی نور" سے مطابقت رکھتے ہوئے فارغ التحصیل طالبات کی طرف سے پیش کئے جانے والے تمام پروگرام مزید تحریک دینے والے اور سبق آموز تھے۔ ان میں تدبر القرآن اور تعلیم القرآن کورس کی نمائندگی کرتی طالبات زیادہ توجہ کا مرکز رہیں جو بعینہ علامہ اقبال کے اس شعر کی عملی مثال دے رہی تھیں:

جوانوں کو میری آہ سحر دے — خدایا آرزو میری یہی ہے
پھر ان شاہیں بچوں کو بال و پر دے — میرا نور بصیرت عام کردے

" قرآنی حلقہ" کے نام سے تدبر القرآن کورس کی طالبات نے سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 257 (اللہ دوست ہے ان لوگوں کا جو ایمان لائے......) پر مختلف مفسرین کی آراء کا تذکرہ کیا اور یہ تاثر عام کرنے کی کوشش کی کہ نور بصیرت کو بڑھانے کے لیے مل کر قرآن (کے رازوں) میں مزید غوطہ زن ہونا ضروری ہے۔ دوسری چیز جس نے نور بصیرت رکھنے والی آنکھوں کو اشکبار کر دیا وہ تعلیم القرآن کورس کی بینائی سے محروم طالبہ کے تاثرات تھے جو یہ سبق دے گئے کہ نور تو دراصل دل کا نور ہے۔

اس موقع پر استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی طرف سے طالبات کو حوصلہ افزا اور نصیحت آموز پیغام سنوایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مومن کی منزل صرف دنیا کی کامیابیاں نہیں بلکہ اصل منزل تو آخرت کی کامیابی اور رب کا دیدار ہے۔ انسان دنیا کی عارضی خوشی کو پا کر سمجھتا ہے کہ اس نے منزل پالی لیکن ابھی آپ راستے میں ہی ہیں۔ مومن کی خوشیاں اور غم مختلف ہوتے ہیں۔ اللہ کی معرفت اور محبت کا احساس غموں کو خوشیوں میں بدل دیتا ہے۔ انہوں نے بہت سی دعاؤں کے ساتھ اپنے پیغام کا اختتام کیا۔ آخر میں ڈائریکٹر انسٹی ٹیوٹ زبیدہ عزیز صاحبہ نے سب کا شکریہ ادا کیا۔

## الہدیٰ حیدرآباد



13 نومبر 2021 کو الہدیٰ حیدرآباد ٹیم نے ہالہ نیو سندھ کا دورہ کیا۔ یہاں خط و کتابت کے ذریعے فہم القرآن کورس کی 40 اور تعلیم القرآن کی 13 طالبات کے لیے تکمیل قرآن تقریب منعقد ہوئی جس میں 350 افراد شریک ہوئے۔ اس موقع پر قرآن مجید سیکھنے کے موضوع پر درس دیا گیا اور غسل میت و تکفین کی ورکشاپ بھی کروائی گئی۔

# کاروان علم ہے رواں دواں




استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کینیڈا سے مندرجہ ذیل تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ان تمام لیکچرز کو براہ راست آن لائن سنا جا سکتا ہے:

- فقہ القلوب (جلد 9): فقہ القلوب کے باب میں آجکل فقہ سکینۃ القلب پڑھایا جا رہا ہے۔
- تذکیر القرآن کورس میں سورۃ الأعراف تک پڑھایا جا چکا ہے۔
- تدبر القرآن کورس میں آج کل سورۃ الصافات پڑھائی جا رہی ہے۔
- صحیح البخاری کے دروس کا سلسلہ 27 دسمبر 2021 سے دوبارہ شروع ہو چکا ہے۔ آج کل کتاب الدیات کا موضوع پڑھایا جا رہا ہے۔

لنکس برائے استفادہ:

www.farhathashmi.com
www.facebook.com/DrFarhatHashmi/
www/youtube.com/drfarhathashmiofficial/




# قرآن ہر دل میں ہر ہاتھ میں

## یکساں قومی نصاب کے تحت قرآن مجید کی تعلیم میں الہدیٰ کا کردار

ہم سب کی یہ دیرینہ خواہش رہی ہے کہ قرآن ہر دل اور ہر ہاتھ میں پہنچ سکے۔ الہدیٰ یکساں قومی نصاب کے تحت قرآن مجید کی تعلیم کے فروغ کے لیے بھرپور حصہ لے رہا ہے۔ حکومتی سطح پر قرآن مجید تجوید اور ترجمہ کی ٹریننگ کے لیے الہدیٰ انٹرنیشنل کی سٹاف ممبرز شمیم ارشاد، عائشہ مزمل، فرح عارف اور رابعہ حیات کو ماسٹر ٹرینرز کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔ حال ہی میں شعبہ ریجنز اسلام آباد کے زیر اہتمام مختلف ریجنز سے الہدیٰ سٹاف اور سکول ٹیچرز کے لیے ایک ٹریننگ کروائی گئی۔

اس کے علاوہ الہدیٰ ترجمہ قرآن والے پارے ایک نئے انداز میں شائع کروا رہا ہے جو مناسب سائز اور پڑھنے میں بہت آسان ہیں۔ ان پاروں میں الہدیٰ کی ''لرن قرآن ایپ'' کا کیو آر کوڈ پرنٹ کیا گیا ہے۔ اس ایپ سے قرآن سیکھنے میں سہولت ہوگی۔ الہدیٰ کو مختلف اسکولز، اساتذہ اور والدین کی جانب سے مفت یا برائے نام ہدیہ پر پارے فراہم کرنے کی درخواستیں موصول ہو رہی ہیں۔

- پارے حاصل کرنے کا طریقہ کار طے کر لیا گیا ہے۔ سکول کے لیٹر ہیڈ پر سپانسر شپ کی درخواست کے ساتھ پاروں کی تعداد، پرنسپل کے دستخط اور مہر کے علاوہ ادارے کا مکمل پتہ، فون نمبر، ای میل ایڈریس اور سپانسر شپ کی معقول وجہ لکھ کر مندرجہ ذیل ای میل پر بھیجیں:

bunyaditaleem.regions.isb@alhudapk.com

- رعایتی قیمت پر پارے حاصل کرنے کی لیے مندرجہ ذیل ای میل پر لکھیں:

alhudapublications.org@gmail.com

## علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

### شعبہ بنیادی تعلیمی پروگرام کراچی ٹیم کا دورہ شکار پور

6 تا 9 اکتوبر 2021 کو الھدیٰ کراچی ٹیم نے شکار پور کا دورہ کیا۔اس دورے کا مقصد اس علاقہ کی مختلف کلاسز کا جائزہ لینا، کورسز کی تکمیل میں شرکت اور اساتذہ کے لیے ٹریننگ سیشنز کا انعقاد تھا۔

**کلاسز کا دورہ:**

ٹیم نے آرائیں، نمورو، جامڑہ اور شکار پور کی کلاسز کا دورہ کیا جن میں ناظرہ، اردو خواندگی پروگرام، روشنی کی کرن اور سورۃ البقرہ کے کورسز کروائے جارہے ہیں۔ طالبات سے ملاقات کی گئی، ان کا سبق سنا گیا، ان سے غیر رسمی گفتگو کی گئی، ان کے شوق اور لگن اور محنت کو سراہا گیا۔ مشکل ترین حالات اور بنیادی سہولتوں کی کمی کے باوجود طالبات اور اساتذہ کی انتھک محنت اور علم حاصل کرنے کا جذبہ قابل رشک تھا۔

**تکمیل پروگرام:**

آرائیں کے علاقہ کی کلاسز کے ناظرہ قرآن، روشنی کا سفر، سورۃ البقرہ کورسز کی تکمیل کے موقع پر ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں شرکا کی تعداد 150 تھی۔ طالبات نے اس تقریب میں مختلف سرگرمیوں کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا جو قابل تعریف تھا۔ طالبات کے والدین نے بھی اپنے تاثرات ان کی زندگیوں میں آنے والی مثبت تبدیلیوں کے بارے میں اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

**اساتذہ کے لیے تربیتی پروگرام:**

اس دورہ کے دوران اقرا، روشنی کی کرن، روشنی کا سفر اور اردو خواندگی پروگرام کے اساتذہ کے لیے تربیتی سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تربیتی پروگرام بہت کامیاب رہا۔شعبہ کی کوآرڈینیٹرز کے ساتھ سندھ کی کلاسز کی اُن تجربہ کار اساتذہ نے تربیت دی جو سالہا سال سے ان علاقوں میں تعلیمی کام کررہے ہیں۔اس طرح تربیت دینے والے افراد کی ٹیم بھی تیار ہوگئی ہے۔ٹریننگ سیشنز میں شرکا کی تعداد 30 تھی۔ اس وزٹ کے نتیجہ میں اسٹاف سے تعلق مضبوط ہوا، ان میں مزید کام کا جذبہ پیدا ہوا اور 7 نئی کلاسز کا اجرا ہوا جن میں تقریبا 150 طلبا نے ان کورسز میں داخلہ لے لیا ہے۔



اردو خواندگی کلاس شکار پور

### سراج الدولہ برانچ میں روشنی کا سفر کورس

3 جنوری 2022 سے سراج الدولہ برانچ میں روشنی کا سفر کورس کا آغاز ہوگیا ہے اس کورس کا دورانیہ 4 ماہ ہے جس میں طالبات کو ہاسٹل میں رہائش کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ سندھ کے مختلف اضلاع بدین، شکار پور، لاڑکانہ، تھرپارکر، ٹھٹھہ، عمرکوٹ، خیرپور، حیدرآباد اور کراچی سے 25 طالبات نے داخلہ لیا ہے۔اس کورس میں درج ذیل مضامین پڑھائے جائیں گے:

قاعدہ اور عمّ پارہ، منتخب آیات اور سورتوں کی تفسیر، فہم القرآن، حدیث و سیرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فقہ العبادہ کے تمام مضامین اور عقیدہ۔

اس کے علاوہ اردو لکھنے پڑھنے کی مزید مہارت سکھائی جائے گی۔

طالبات کی تربیت اور ان کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لئے مختلف ٹریننگ سیشن بھی منعقد کئے جائیں گے۔اس کام میں شعبہ بنیادی تعلیمی پروگرام اور سراج الدولہ برانچ کے اسٹاف کا مکمل تعاون شامل ہے۔

### مدرسہ کی طالبات کا الھدیٰ اسلام آباد کا وزٹ

11 دسمبر 2021 کو مدرسہ تعلیم القرآن للبنات شیخوپورہ سے طالبات و سٹاف پر مشتمل تقریباً 25 افراد نے الھدیٰ اسلام آباد کا دورہ کیا۔اس دورے کا مقصد الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ کے طریقہ تعلیم و تربیت سے راہ نمائی حاصل کرنا تھی۔شعبہ پبلک ریلیشنز کے سٹاف نے ان کا استقبال کیا اور ادارے کے مختصر تعارف کے بعد ان کو تعلیم القرآن 2 میں گروپ ایکٹیویٹی میں شامل ہونے کا موقع دیا۔اس کے علاوہ شعبہ اکیڈمک کی طرف سے الھدیٰ میں ہونے والے کورسز کا مختصر تعارف پیش کیا گیا۔ لائبریری اور بک شاپ کا دورہ بھی کروایا گیا۔ طالبات کو الھدیٰ سے کورس کرنے کی دعوت بھی دی گئی۔مدرسہ کی انتظامیہ الھدیٰ کی بہت شکر گزار تھی کہ ان کو یہ موقع فراہم کیا گیا۔

### نئی صوت القرآن کلاسز کا آغاز

الھدیٰ سے فارغ التحصیل طالبات ریجنز آفس اسلام آباد سے باقاعدہ ٹریننگ لے کر اپنے علاقوں میں جا کر معاشرے میں دین کی روشنی پھیلا رہی ہیں۔گزشتہ چار ماہ کے دوران ملک بھر میں 49 صوت القرآن، 31 فہم القرآن، 33 تعلیم دین اور تفہیم دین کی نئی کلاسز کا آغاز ہوا۔

### الھدیٰ کمیونٹی اسکولز میں اضافہ

اسلام آباد کے نزدیک پنڈ مالکاں علاقہ کے ایک سکول کو کمیونٹی سکول کے طور پر اپنانے کے لیے باقاعدہ ایک تقریب منعقد کی گئی۔

جس میں سی ای او رفقہ اصغر صاحبہ کے علاوہ الھدیٰ کے دیگر سٹاف نے بھی شرکت کی۔اس طرح لاہور اور اسلام آباد میں ان سکولز کی مجموعی تعداد 9 ہوگئی ہے۔

### سیالکوٹ میں لڑکوں کے لیے کلاس

سیالکوٹ میں الھدیٰ کی نئی بلڈنگ میں AIM اسلام آباد کے ایک گریجویٹ نے Tuneup with Qur'an کورس کی ابتدا کی ہے جس میں 25 طلبا رجسٹر ہوئے۔ان میں اکثر کی عمر 20 سال یا اس سے زیادہ ہے۔جب کہ ایک 70 سالہ بزرگ بھی داخلہ لینے والوں میں شامل ہیں۔



سیالکوٹ میں لڑکوں کے لیے کلاس

### الھدیٰ آن لائن کورسز 2022

**زندگی کی مشکلات میں صحیح راستہ پانے اور ایک منظم اور کامیاب زندگی گزارنے کے لیے بہترین موقع**

نئے سال کے ساتھ ہی بہت سے آن لائن کورسز کی ابتدا کی گئی ہے جن کے ذریعے گھر بیٹھے سہولت کے ساتھ قرآن مجید ترجمہ و تفسیر، تجوید، حدیث اور تزکیہ و تربیہ کے کورسز میں داخلہ لیا جاسکتا ہے۔

برائے رابطہ:

https://alhudaonline.org/online-courses/



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

## سکولوں میں قرآن مجید پڑھانے کے لیے اساتذہ کی ٹریننگ

حکومتی سطح پر سکولوں میں قرآن مجید کو لفظی ترجمہ کے ساتھ پڑھانے کو لازمی قرار دیے جانے کے بعد الہدیٰ نے اس کام میں حصہ لینے کی غرض سے اساتذہ کو ٹریننگ دینے کا فیصلہ کیا۔ اس سلسلے میں 16 دسمبر 2021 کو ریجنز آفس اسلام آباد کے تحت الہدیٰ کی مختلف برانچز کی اساتذہ کو ٹریننگ کے لیے مدعو کیا گیا۔ اس میں راولپنڈی، اسلام آباد، واہ کینٹ، جہلم، کشمیر، چکوال، کامرہ، ہری پور، گجرات، پشاور، ٹیکسلا، گوجرانوالہ، اٹک، منڈی بہاؤالدین اور کھاریاں سے الہدیٰ ٹیچرز نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ ان علاقوں سے سکول ٹیچرز اور پرنسپلز بھی شامل ہوئیں جب کہ بہت سی ٹیچرز زوم کے ذریعے آن لائن شامل ہوئیں۔ الہدیٰ انٹرنیشنل سکول (AIS) کی ٹرینرز نے یہ ٹریننگ بخوبی انجام دی۔

## کراچی میں تجوید ٹیچرز کی ٹریننگ

الہدیٰ سندھ کے تحت کروائے جانے والے صوت القرآن کورسز کی تجوید ٹیچرز کے لیے الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ DHA کراچی میں ٹریننگ کا انتظام کیا گیا جس میں میرپور خاص اور حیدرآباد کی 12 ٹیچرز آن لائن شامل ہوئیں۔

## طہارہ ورکشاپ ٹریننگ

16 دسمبر 2021 کو ریجنز آفس اسلام آباد کی زیرِ نگرانی طہارہ ورکشاپ ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا۔ اس کا مقصد مختلف ریجنز سے آئی ہوئی الہدیٰ کی ٹیچرز کو طہارہ سبجیکٹ پڑھانے کا طریقہ سکھانا اور ریسورس میٹریل مہیا کرنا تھا۔ شرکا کو پریزنٹیشن کے ذریعے طہارہ پڑھانے کے لیے منصوبہ بندی کی تفصیلات بتائی گئیں۔ نصابی اور امدادی کتب کے بارے میں بھی مکمل راہ نمائی کی گئی۔ اس کے علاوہ طالبات کی طرف سے ممکنہ سوالات کے موثر انداز میں جواب دینے کا طریقہ بتایا گیا اور آخر میں شرکا کے سوالات کے جوابات دیے گئے۔

## یتیم خانہ کے بچوں کے لیے دینی تعلیم و تربیت

یکم اکتوبر 2021 کو الہدیٰ حیدرآباد برانچ کی زیرِ نگرانی یتیم خانہ دارالاطفال میں رہائش پذیر بچوں کے لیے قرآن کریم ناظرہ کلاس کا آغاز کیا گیا۔ کلاس کے لیے باقاعدہ قاری صاحب منتخب کیے گئے جو روزانہ ان کو قرآن مجید اور دعائیں پڑھاتے ہیں اور ساتھ ساتھ ان کی تربیہ و تزکیہ پر بھی کام کر رہے ہیں۔ طعام المسکین پروجیکٹ کے تحت 10 اکتوبر 2021 کو یہاں 25 بچوں کو کھانا بھی کھلایا گیا۔

## اقرا تربیتی کورس

الہدیٰ کراچی ریجن کی زیرِ نگرانی تھرپارکر میں قاری حضرات کے لیے ایک تربیتی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں 20 قراء نے شرکت کی۔ اس تربیتی کورس کی اہمیت کے پیشِ نظر شعبہ خدمتِ خلق نے ایک تجربہ کار مدرسہ گریجویٹ اقبال صاحب کو ٹریننگ کے بعد ماسٹر ٹرینرز کے طور پر ٹیم میں شامل کیا ہے جو ٹریننگ کے ساتھ اس پروگرام کی مانیٹرنگ بھی کریں گے۔ اس کورس کا مقصد قراء حضرات کی تعلیمی استعداد کو بڑھانا ہے تاکہ وہ معاشرے میں موثر کردار ادا کر سکیں۔ تمام شرکا کو الہدیٰ کی تعارفی ویڈیو بھی دکھائی گئی۔



## دعوتی سرگرمیاں

### ملتان

الہدیٰ ریجنل آفس ملتان کے تحت دعوتی سرگرمیوں کا آغاز کیا گیا ہے۔ ریجنل کوآرڈینیٹر عالیہ نظامی صاحبہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ملتان ریجن کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور اہم موضوعات پر دروس دیے:

- 24 نومبر 2021 کو ضلع ملتان کے علاقے لاڈ کا دورہ کیا گیا۔ یہاں کوئی قرآن کلاس نہیں ہوتی اور لوگوں میں دین کا علم نہ ہونے کے برابر ہے۔ حاضرین میں 110 خواتین اور 65 بچے شامل تھے۔ ان کو وضو کا طریقہ سکھایا گیا اور نماز کی اہمیت پر بات کی گئی۔ درس کے اختتام پر شرکا میں نورانی قاعدہ، تیسواں پارہ اور نبی ﷺ کے معمولات اور معاملات کی کاپیاں تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر کھانے کا بھی اہتمام کیا گیا۔ مستقبل میں خواتین اور بچوں کے لیے ناظرہ کلاس شروع کرنے کا انتظام بھی کیا گیا۔
- 3 دسمبر کو ملتان سے 70 کلومیٹر کے فاصلے پر ایک علاقہ بصیرہ کی کچی بستی سے تقریباً 70 خواتین اور بچوں کی ایک بڑی تعداد کو درس دیا گیا اور دعائیں سکھائی گئیں۔ درس و تدریس کے بعد کھانے کا بھی اہتمام کیا گیا۔ یہاں کی خواتین قرآن سیکھنے کے لیے بہت پر جوش ہیں۔ اس علاقہ میں تعلیم کی طرف رجحان نہیں ہے اس لیے قرآنی تعلیم کے ساتھ ساتھ اقرا پروجیکٹ بھی شروع کیا جائے گا۔
- 12 دسمبر کو جتوئی کے علاقے کا دورہ کیا جہاں تقریباً 300 خواتین اور بچوں کو سیرت النبی ﷺ پر لیکچر دیا گیا اور صبح شام کے اذکار کی فضیلت بتائی گئی۔ آخر میں سب کے لیے کھانے کا انتظام کیا گیا۔

## الہدیٰ بھون برانچ نزد کلر کہار

ڈائریکٹر ریجنز یاسمین خاکوانی صاحبہ اور زاہدہ فہمید نے بھون برانچ کا دورہ کیا۔ یہاں الہدیٰ سے فارغ التحصیل طالبہ افشین، شادی کے بعد 13 سال فرانس میں قیام پذیر رہیں پھر بھون واپس آئیں اور 2018 میں اپنے گھر میں الہدیٰ کی برانچ کی ابتدا کی اور قریبی تین علاقوں میں تعلیم القرآن اور حدیث کورس بھی کروایا۔

## راولپنڈی

- بریلینٹ فیوچر اسکول کے دورہ میں 27 طلبا و اساتذہ کو اردو ترجمہ والے قرآن ہدیہ کیے گئے۔
- مری ایلیمنٹری اسکول میں نرسری سے کلاس 8 تک کئی سو بچوں میں الہدیٰ کی جانب سے قرآنی سپاروں کا تحفہ دیا گیا۔



خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

# طعام المسکین پروجیکٹ

## ویطعمون الطعام علیٰ حبہ مسکینًا و یتیمًا و اسیرًا

الہدیٰ شعبہ خدمت خلق اگرچہ طعام المسکین کے تحت مستحق افراد کو کھانا کھلانے کا اہتمام کرتا ہے لیکن یکم نومبر 2021 کو بورڈ میٹنگ میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے ایک منظم انداز سے "الہدیٰ دسترخوان" ایکٹیوٹی شروع کرنے کے لیے کہا۔اس کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ ضرورت مند خواتین کی شناخت کر کے برانچز میں ان کو درس اور طعام کی دعوت دی جائے۔اس طرح ان کی دینی اور جسمانی ضروریات بیک وقت پوری ہوں گی۔کووڈ کی وجہ سے برانچز میں آ کر تعلیم حاصل کرنے کا رجحان کم ہو گیا تھا،اس سرگرمی سے خواتین کے لیے نہ صرف تعلیم حاصل کرنے کے مواقع بڑھیں گے بلکہ دوسروں کو بھی ضرورت مند افراد کو کھانا کھلانے کی ترغیب ملے گی۔

اس سلسلے میں 6 نومبر 2021 کو ایبٹ آباد کے ایک انتہائی سرد پہاڑی گاؤں " گلی بنیا" میں 60 خواتین کو کلاس میں بلا کر درس قرآن دیا گیا اور الہدیٰ ایبٹ آباد سٹاف نے نہایت محبت اور عزت سے ان کو چکن پلاؤ کھلایا۔ ان کے ہمراہ بچے بھی درس اور طعام سے مستفید ہوئے۔اسی طرح نادار طالب علموں کو تازہ دودھ پلایا گیا اور قریبی متعلقہ برانچ کے سٹاف نے ان کو کھانے کے آداب اور پاکیزہ رزق کے بارے میں آگاہی دی۔لاہور کمیونٹی سکولوں میں 1400 بچوں کو دو مرتبہ اور واہ کینٹ میں 200 بچوں کو دودھ فراہم کیا گیا۔

اس کے بعد پورے پاکستان میں الہدیٰ برانچز کے تحت کھانا کھلانے اور دروس کا سلسلہ شروع ہو گیا اور تمام برانچز نے بھرپور کارکردگی اور انتہائی دلچسپی سے اس کام کو سرانجام دیا۔ہر جگہ پہلی مرتبہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے طعام کی رقم ادا کی گئی اور اس کے بعد زیادہ تر برانچز میں یہ پروگرام کلاس کی شکل اختیار کر گیا اور اب برانچز کا سٹاف اپنے طور پر گاہے بگاہے کھانا کھلاتا ہے۔اس کے ساتھ بہت سے گاؤں، کچی بستیوں، کمیونٹی سکولوں اور مدارس کی کم تعلیم یافتہ خواتین اور بچوں میں دینی شعور بھی اجاگر ہو رہا ہے

اب تک 4000 خواتین کو چکن پلاؤ اور 3000 بچوں کو تازہ اور گرم دودھ فراہم کیا گیا ہے۔اللہ کے فضل و کرم سے اس پروجیکٹ میں لوگوں نے بڑھ چڑھ کر مالی تعاون کیا جس کی وجہ سے آج پاکستان کے ہر صوبے کے مختلف علاقوں میں یہ سلسلہ جاری ہے۔آپ بھی اس کار خیر میں شامل ہو سکتے ہیں۔

**Donate online**

https://www.alhudapk.com/donate.html










# خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

## سردی سے بچاؤ مہم (Winter Protection Drive)

الہدیٰ ہر سال موسم سرما کی شدت میں مستحقین کے لیے لحاف اور گرم کپڑوں کا انتظام کرتا ہے۔

- الہدیٰ لاہور کے شعبہ خدمت خلق نے موسم سرما کے آغاز پر ضرورت مندوں کو گرم کپڑے اور بستر فراہم کرنے کا کام شروع کیا۔ پہلے مرحلے میں 400 سے زیادہ افراد میں 193 لحاف، 57 کمبل، 88 گدے، 89 تکیے تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ مردانہ اور زنانہ شالیں، سویٹر، گرم سوٹ، بچوں کے کپڑے، ٹوپیاں اور موزے وغیرہ بھی تقسیم کیے گئے۔ ان میں سے بیشتر انتہائی مستحق خاندان تھے جو نا کافی بستر اور موسم کے حوالے غیر مناسب کپڑوں میں موسم کی سختیاں برداشت کر رہے تھے۔ بروقت مدد ملنے سے وہ انتہائی شکر گزار تھے اور آنکھوں میں آنسوؤں کے ساتھ الہدیٰ کو دعائیں دے رہے تھے۔
- کے پی کے، سیالکوٹ اور شمالی علاقہ جات میں بھی مستحقین کو گرم کپڑے اور بستر فراہم کیے گئے۔ مندرجہ ذیل علاقوں میں لحاف اور گرم کپڑوں پر مشتمل پیکس تقسیم کیے گئے۔

| | |
|---|---|
| گجر گڑھ مردان 70 | سیالکوٹ 65 |
| سپینی روڈ کوئٹہ 14 | سہالہ 30 |
| دشت ضلع مستنگ 150 | ناپورہ بسین گلگت 50 |
| گاؤں حبیب راہی ڈیرہ بگٹی بلوچستان 50 | قلی ملک یار خان پشین 100 |












## Bank Details

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104783594 (Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316, **Swift Code:** MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd,

E-11 branch Islamabad

***Donate online***

https://www.alhudapk.com/donate.html

## زلزلہ متاثرین کے لیے گھروں کی تعمیر

الہدیٰ نے الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کے لیے 25 چھوٹے گھروں کی تعمیر کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔



زلزلہ متاثرین کے لیے گھروں کی تعمیر

## کمیونٹی اسکولز کے بچوں کے لیے دودھ کی فراہمی

لاہور ریجن میں الہدیٰ کمیونٹی اسکولز کی 8 برانچز میں تقریباً 1400 طلبا و طالبات کو دودھ پلایا گیا۔ شعبہ خدمت خلق لاہور ریجن اور الہدیٰ کمیونٹی اسکول اسٹاف پر مشتمل ایک فیلڈ ٹیم تشکیل دی گئی۔ یہ سرگرمی تین روز میں مکمل ہوئی۔ ٹیم نے نہ صرف منظم طریقے سے بچوں کو دودھ پیش کیا بلکہ اچھی صحت کے لیے دودھ کی افادیت اور قرآن و حدیث میں اس نعمت کے تذکرے کے بارے میں بھی آگاہی دی۔ بچے اور اساتذہ بہت خوش تھے اور اس پروجیکٹ کو بہت پسند کیا گیا۔



کمیونٹی سکولز کے بچوں کے لیے دودھ کی فراہمی

### علم تین چیزوں سے حاصل ہوتا ہے

- **اس علم پر عمل کرنا:** جو اپنے آپ کو عربی زبان سیکھنے کا مکلف بناتا ہے یہ چیز اس کو نحو کے قواعد حفظ کرنے کی دعوت دیتی ہے۔
- **لوگوں کو علم سکھانا:** جب انسان لوگوں کو علم سکھائے گا تو یہ اس کے اپنے حصول علم کا سبب ہوگا۔
- **کتاب تصنیف کرنا:** یہ چیز اس کو تحقیق کی طرف نکال لے جائے گی اور وہ بندہ تصنیف پر قادر نہیں ہوسکتا جو اس علم کی گہرائی کو نہ پالے جس میں وہ تصنیف کرنا چاہتا ہے۔

[الوزیر ابن ھبیرہ منقول]

# ابلاغِ دین

## حیض ونفاس کے احکام



ام عثمان کے قلم سے الھدیٰ پبلی کیشنز کی جانب سے شائع کردہ یہ کتاب خواتین کے مخصوص مسائل سے متعلق نہایت مفید اور جامع ہے جس میں تمام مسائل کے بارے میں قرآن وسنت سے راہ نمائی دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ طبی نقطہ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے ممکنہ احوال کو نہایت آسان زبان میں بیان کیا گیا ہے۔ ہر موضوع کے آخر میں قاری کی سہولت کے لیے سوال وجواب کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ بہت عرصہ سے لوگ اس موضوع پر ایک جامع اور مستند کتاب کی تلاش میں تھے۔ امید ہے کہ اس کتاب کے ذریعے ایسے تمام افراد کی وہ تمام الجھنیں ختم ہو جائیں گی جن کی وجہ سے وہ طہارت وعبادات کے حوالے سے شکوک وشبہات کا شکار رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کوشش کو قبول فرمائے۔ آمین

## Learn Qur'an ایپلی کیشن

قرآن مجید کا لفظی ترجمہ وتفسیر سیکھنے کے لیے LearnQuran App کا اجرا کیا گیا ہے۔
اس کے ذریعے اردو اور ہندی زبان میں با آسانی ترجمہ سیکھا جا سکتا ہے اور سوشل میڈیا پر شیئر کیا جا سکتا ہے۔
انگریزی، جرمن، فرانسیسی اور رومن زبانوں میں لفظی ترجمہ جلد شامل کر دیا جائے گا۔

## انا للہ وانا الیہ راجعون

پستی عالم میں ملنے کو جدا ہوتے ہیں ہم
عارضی فرقت کو دائم جان کر روتے ہیں ہم

الھدیٰ میر پور خاص برانچ کی سٹاف ممبر شمیم عبدالوحید،
الھدیٰ ڈھوک فرمان کی انچارج جمیلہ پروین اور
الھدیٰ کراچی کی سٹاف ممبر سعیدہ یونس قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔
ہماری ساتھی اور آن لائن کورسز کوآرڈینیٹر شازیہ نواز کی والدہ اور مریم سعید کے والد بھی اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔
الھدیٰ اسلام آباد کی سٹاف ممبر ثوبیہ الطاف کی بہن اور ان کے دو بچے گھر میں آگ لگنے کی وجہ سے وفات پا گئے۔
الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ فار مین اسلام آباد کے تعلیم القرآن کورس کے جواں سال طالب علم ایمان ظہیر ایک ایکسیڈنٹ میں انتقال کر گئے۔
اللہ تعالیٰ ان سب کی مغفرت فرمائے، ان کی حسنات کو قبول فرمائے اور ان کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین

## نئے واٹس ایپ گروپس کی تشکیل

اندرون اور بیرون ملک الھدیٰ کے کاموں کی بہتر تنظیم اور سٹاف ممبرز کے باہمی رابطے اور مشاورت کے لیے کچھ نئے آفیشل واٹس ایپ گروپس بنائے گئے ہیں۔

"Departmental Coordination" گروپ

اس گروپ کا مقصد تمام ریجنز کے شعبہ جات کے ذمے داران کا تعارف حاصل کرنا اور اپنے علاقوں میں ہونے والی سرگرمیوں کی رپورٹس شیئر کرنا ہے۔ اس سے نہ صرف کاموں میں بہتری آتی ہے بلکہ ایک دوسرے سے سیکھنے کے مواقع بڑھ جاتے ہیں۔



"Qur'an in Every Hand" گروپ


اس گروپ کا مقصد یکساں قومی نصاب کے تحت قرآن مجید کی تعلیم کو سکولوں میں رائج کرنے میں الھدیٰ کی ٹیچرز کس طرح حصہ لے سکتی ہیں، اس کے بارے میں معلومات اور مشاورت اور استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی سے راہ نمائی حاصل کرنا ہے۔



"Ta'am ul Miskeen" گروپ


اس کا مقصد طعام المسکین پروجیکٹ کے حوالے سے تمام سرگرمیوں کی رپورٹ شیئر کرنا ہے۔

## انڈیا میں الھدیٰ پروڈکٹس کی دستیابی




اردو، انگریزی اور ہندی ترجمے والے لفظی ترجمہ کے پارے، وایاک نستعین اور قرآنی اور مسنون دعاؤں کی کتب مندرجہ ذیل ایڈریس پر آرڈر کی جا سکتی ہیں:
alhudabooksindia@gmail.com
+918197808203


## اردو بازار کراچی میں الھدیٰ کا سٹال




یہ سٹال حال ہی میں الھدیٰ پبلی کیشنز بکس پوائنٹ کے نام سے مین بازار کراچی میں قائم کیا گیا ہے جہاں سے الھدیٰ پراڈکٹس بسہولت حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

0345-3045111 0345-9374418 0342-3032918

## الھدیٰ کی نئی مطبوعات



# سٹوڈنٹس کارنر

## صف بندی کے تناظر میں ایک تفریحی سفر کی روداد



اس دنیا میں قدرت نے انسان کے سیکھنے کے تمام اسباب فراہم کررکھے ہیں اوراس کی تعلیم وتربیت کے ان گنت مواقع بکھیر دیے ہیں۔ سیکھنے کے ان تمام طریقوں میں سے ایک اہم طریقہ تعلیم وتربیت یہ ہے کہ انسان کوایک مخصوص ماحول فراہم کردیا جائے جو ہرطرح سے موافق اور سازگار ہو۔ اس نظام کی بنیادی اکائی استاد اور شاگرد ہیں۔ان ہی بنیادی اکائیوں کے ساتھ اگرمخصوص ماحول ایک ایسا طریقہ تعلیم ہوگا جہاں تعلیم اور تربیت کے ساتھ ایک تیسرا عنصر بھی شامل ہوگا جس کو تفریح کہتے ہیں۔اس طریقہ کے ذریعہ استاد کی کی گئی تربیت کو جانچا بھی جاسکتا ہے۔گزشتہ روز مجھے بھی ایک منظم جماعت کے ساتھ ایک تفریحی مقام پر جانے کا تجربہ ہوا۔انسانوں کی جماعت یا گروہ بہت جلد کسی کی بھی توجہ کا مرکز بن جاتا ہے اسی لیے کردار جس کے مظاہرے کا تقاضا یکساں مقصد کے تحت جمع ہونے والے افراد سے کیا جاتا ہے وہ ہے نفوس کا انفرادی اور اجتماعی نظم وضبط! اپنے اس سفر کے دوران نظم وضبط یا صف بندی کا پہلو میرے زیرغور رہا۔ پہلے مرحلے میں طالبات کی قطاریں اس بات کوظاہر کررہی تھیں کہ جو کچھ انہیں سکھایا گیا ہے وہ عملی طور پر سامنے بھی آرہا ہے۔دوسرا مرحلہ سواریوں پر سوار ہونے کا تھا۔طالبات کی تعداد چونکہ زیادہ تھی لہذا ان کومختلف گروپس میں تقسیم کرکے بسوں میں بٹھایا گیا۔جو بات یہاں بھی قابل غور رہی وہ صف بندی اور نظم وضبط ہے۔ ہر بس میں ایک امیر کی ذمہ داری تھی کہ وہ بس میں سوار ہونے والی طالبہ کا نام اپنے پاس موجود لسٹ کے مطابق دیکھے اوراس کو مخصوص جگہ پر بٹھائے۔نظم وضبط کی بدولت یہ سارا کام نہایت کم وقت میں اور باآسانی مکمل ہوگیا۔اس سے معلوم ہوا کہ اجتماعی کاموں میں وقت کو بچانے اور نفسیاتی طور پر خود کو پرسکون رکھنے کے لیے باہمی اتحاد کی بہت اہمیت ہے۔اس کے علاوہ امیر کی اطاعت بھی اسی وقت ممکن ہے جب جماعت کے اندر اتحاد ہو۔ہماری منزل دو گھنٹے کی مسافت پر ایک فوجی علاقہ تھا۔اس جگہ پر اپنی حاصل کی گئی تعلیم کا عملی مظاہرہ باہمی اتحاد اور تنظیم کے ساتھ ہی کیا جاسکتا تھا۔الحمدللہ ہم قطاروں کی صورت میں بسوں سے اترے۔چونکہ ہم ایک پہاڑی علاقے میں تھے اس لیے ہمیں Tracks پر چلنے کا تجربہ بھی ہوا۔نفوس کی اس قطار میں سب سے آگے ہونے کی وجہ سے مجھے کئی مرتبہ پیچھے چلی آرہی لمبی قطار کو دیکھنے کا موقع ملا۔اس وقت میں نے محسوس کیا کہ اس اجتماعیت کے اندر ایک خاص رعب اور وقار ہے جس کا مشاہدہ کوئی بھی دیکھنے والا کرسکتا ہے۔ یہ رعب اور دبدبہ اس وقت ہی قائم ہوسکتا ہے جب جماعت کا ہرفرد ایک ہی مقصد پر جمع ہو اسی لیے مسلمانوں کو صف بندی کا حکم دیا گیا ہے۔

اگلے مرحلے میں ظہر اور عصر کی نمازیں جمع تقدیم کے ساتھ ادا کی گئیں۔ کھلے سبزہ زار میں پھیلی نمازیوں کی صفیں ایک خوبصورت منظر پیش کررہی تھیں۔زمین کی مٹی پر سب قدم سے قدم اور کندھے سے کندھے ملائے، دلوں میں ایک رب کی رضا کا مقصد لیے اس کے سامنے جھکے ہوئے تھے۔ پاس ہی موجود قطار درقطار درخت اور پرشکوہ عظیم پہاڑ رب کی تسبیح کررہے تھے۔ایسا محسوس ہوتا تھا کہ پورا کا پورا قطعہ ارضی رب کی تسبیح میں متحد ہے۔نماز کے بعد کھانے کا انتظام تھا۔یہ ایک ایسا موقع تھا جہاں بے نظمی اور بے صبرے پن کی بہت زیادہ گنجائش موجود ہوتی ہے لیکن یہ ہی وہ موقع تھا کہ جہاں طالبات کو تہذیب اور تنظیم کا مظاہرہ کرنا تھا۔الحمدللہ طالبات نے صفوں میں کھڑے ہوکر اپنی باری کا انتظار کیا اور صبر کا مظاہرہ کیا۔اسی تفریح کے دوران طالبات نے مختلف کھیل کھیلے اور تخلیقی سرگرمیوں کے مقابلے ہوئے۔کھیلوں کی بات ہو تو ایک حوالے سے ایک اصطلاح ہے sports man spirit جس سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ اگر صفوں میں موجود باہم ایک ہی مقصد کے تحت جمع ہونے والے کسی وجہ سے ایک دوسرے کے مقابل آجائیں تو بھی وہ ایک دوسرے کو ہی مضبوط کرتے ہیں اور اپنی صفوں کی مضبوطی کو قائم رکھتے ہیں۔اب روانگی کا وقت ہوچکا تھا، طالبات کو پہلے سے یہ تاکید کی گئی تھی کہ وہ مقررہ حدود سے قریب رہیں تاکہ روانگی کے وقت سب کو اکٹھا کرنا مشکل نہ ہو۔اس لیے باآسانی تمام طالبات کو ان کی مختص کردہ بسوں میں سوار کردیا گیا۔ اس طرح یہ خوبصورت تفریحی سفر اپنے اختتام کو پہنچا۔

مائدہ نور طالبہ تدبر القرآن اسلام آباد

## لڑکوں کا قرآن کلاسز میں دلچسپی کا اظہار

الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ فار مین اسلام آباد میں تعلیم القرآن کورس کے علاوہ شارٹ کورسز کا بھی آغاز کردیا گیا ہے۔جانے کتنی ماؤں کی دعائیں اور تمنائیں ہیں اس دن کے پیچھے! ہم تو اکیس سال پہلے بھی یہ ہی صدا سنتے تھے اور خواہش کرتے تھے کہ مردوں اور بچوں کے لیے قرآن کورس شروع ہو۔اس نسل کے قرآن تک آنے میں ان ماوں بہنوں بیٹیوں کی بھی کاوشیں ہیں جنہوں نے اس وقت قرآن پڑھا اور عمل کیا۔انہوں نے اس وقت اپنی نسلوں پہ محنت کی تو آج یہ بچے قرآن کی طرف راغب ہوئے ہیں۔

اللہ سبحانہ تعالی محترمہ استاذہ، ان کے معاونین اور ان کے تمام سٹوڈنٹس کو اجرعظیم دے جنہوں نے قرآن کے علم سے اپنے گھروں کے ماحول کو روشن رکھا۔

عظمیٰ نورین

## قطرہ قطرہ دریا بن جاتا ہے



میں نے 2021 میں ماہ رمضان سے پہلے قرآن پڑھنے اور کسی کو سکھانے سے متعلق ٹارگٹ سیٹ کرنے کے لیے ایک میسج شیئر کیا تھا۔ الحمدللہ اس چھوٹی سی یاد دہانی سے اللہ سبحانہ وتعالی نے دل میں ڈالا اور میں نے اپنے دبئی کے سرکل میں اس سلسلے کا آغاز کیا۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کبھی قرآن نہیں پڑھا۔اس کا طریقہ بہت ہی سادہ رکھا چونکہ میرے سرکل میں تمام خواتین چھوٹے بچوں کی مائیں ہیں تو ان سے کہا کہ دن کے 15 منٹ نکالنا اگر ممکن ہو تو نکال لیں۔ ہم ہفتے میں پانچ دن چند آیات کا ترجمہ بذریعہ زوم کریں گے۔

الحمدللہ رمضان میں ہم نے پہلے سورۃ الملک کے ترجمہ سے آغاز کیا اور روزانہ ایک آیت یاد کی۔ اب تیسویں پارے کی سورۃ البینہ مکمل کی ہے۔

ایک طالبہ

# سماجی اور اخلاقی قوانین




- کسی کو ایک ہی وقت میں دوسری بار کال مت کریں۔ اگر وہ فون نہیں اٹھا رہا تو اس کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں۔
- اگر کوئی آپ کو ہوٹل میں دعوت طعام دے تو مہنگا کھانا آرڈر نہ کریں خواہ دعوت دینے والا کسی بھی مالی حیثیت کا حامل ہو۔
- ذاتیات سے متعلق سوالات نہیں کرنے چاہیں مثلاً آپ کی ابھی تک شادی کیوں نہیں ہوئی؟ آپ کے ابھی تک بچے کیوں نہیں ہوئے؟ آپ نے گھر کیوں نہیں بنوایا، یا کار کیوں نہیں خریدی؟
- عوامی جگہوں پر کسی کو عزت دینے سے آپ کی عزت میں کمی نہیں آئے گی مثلاً آگے بڑھ کر دروازہ کھول دینا، دوران سفر اپنی سیٹ عورتوں اور بزرگوں کے لیے خالی کر دینا۔
- اگر ٹیکسی یا بس میں سفر کرتے ہوئے کسی دوست نے آپ کا کرایہ دیا ہے تو آپ کا فرض ہے اگلی بار آپ کرایہ دیں۔
- دوسروں کے نظریات کا احترام کرنا سیکھیں۔ جیسے 6 اور 9 اپنی اپنی جگہ درست ہیں لیکن زاویے کا فرق ہے۔
- اگر کوئی بات کر رہا ہو تو اس کو ٹوکنا نہیں چاہیے۔ کہاوت ہے جس نے سب سنا اس نے حقیقت جان لی۔
- اگر کسی دوست کو آپ نے از راہ مذاق چھیڑا یا تنگ کیا لیکن وہ اس سے لطف اندوز نہیں ہوا تو دوبارہ ایسا مذاق نہ کریں۔ اس سے پتا چلتا ہے کہ آپ کتنے معاملہ فہم اور دوستانہ رویے والے انسان ہیں۔
- چھوٹی سے چھوٹی مدد پر بھی دوسروں کا شکریہ ادا کریں۔
- کسی کی سرعام تعریف ضرور کریں لیکن تنقید نہ کریں۔
- اگر آپ کو موبائل پر کوئی تصویر دکھائے تو سکرین پر دائیں بائیں مت جائیں (گیلری میں دوسری تصاویر دیکھنے کی کوشش نہ کریں) اور اگر کوئی موبائل استعمال کر رہا ہو تو اس کے موبائل پر مت جھانکیں۔
- اگر آپ کے ساتھ کام کرنے والا کہے مجھے ڈاکٹر سے وقت لینا ہے تو کرید نے کی بجائے شفا کی دعا دیں۔
- صفائی کا کام کرنے والے کو بھی وہی عزت دیں جو آپ اپنے افسر کو دیتے ہیں۔ لوگ نرمی و عزت دینے سے متاثر ہوتے ہیں اکڑپن سے نہیں۔
- اگر کوئی آپ سے براہ راست بات کر رہا ہے تو اپنے موبائل کی طرف مت دیکھیں۔
- مشورہ نہ دیں جب تک دوسرا آپ سے مشورہ طلب نہ کرے۔
- کوئی دوست عرصے دراز بعد ملے تو اس سے اس کی تنخواہ وغیرہ نہ پوچھیں جب تک وہ خود نہ بتائے۔
- کسی کے ذاتی معاملات میں دخل اندازی مت کریں۔
- کسی سے بھی بات کرتے ہوئے سن گلاسز اتار دیں کہ یہ کسی کو عزت دینے کے مترادف ہے۔
- اپنے سے کم حیثیت لوگوں کے سامنے اپنی امیری کا تذکرہ مت کریں۔
- اگر کسی سے ادھار لیا ہے تو اس کے مانگنے سے پہلے لوٹا دیں، خواہ پیسے ہوں یا کوئی اور استعمال کی چیز۔ یہ آپ کے اچھے کردار اور ایمانداری کا ثبوت ہے۔

مقصد ہے ان اللہ کے بندوں کا مگر ایک... خدمت انسانیت

# فلاحی کاموں کی چند جھلکیاں 2021

## مستفید ہونے والوں کی تعداد





ایڈیٹوریل ٹیم

سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی — مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی

ایڈیٹر: طاہرہ خان — گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر

پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، فرخ چوہدری، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی



الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4

فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com

کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+

ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com

www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com